پریس ریلیز

# وزیراعلی کے معاون خصوصی راشد نصر اللہ بغیر پروٹوکول جنرل ہسپتال ایمرجنسی پہنچ گئے

# مریضوں نے مفت ادویات کی فراہمی اور طبی سہولیات کی فراہمی پر مریم نواز کو دعائیں دیں

لاہور22اپریل:......وزیراعلی پنجاب کے معاون خصوصی راشد نصر اللہ نے گزشتہ رات بغیر پروٹوکول لاہور جنرل ہسپتال شعبہ ایمرجنسی میں پہنچ گئے۔اس موقع پرانہوں نے ہسپتال میں عوام الناس کوصحت عامہ کی دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔معاون خصوصی راشد نصر اللہ نے مریضوں سے علاج معالجہ اور مفت ادویات کی فراہمی بارے دریافت کیا۔مریضوں نے مفت ادویات کی فراہمی اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی پر مریم نواز کو دعائیں دیں-وزیراعلی کے معاون خصوصی نے جنرل ہسپتال میں مفت ادویات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار کیا-

اس موقع پر راشد نصر اللہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں ھسپتالوں میں مفت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔وزیراعلی مریم نواز کی قیادت میں صوبے میں صحت عامہ کی سہولیات کو ترجیحی بنیادوں پر اپ گریڈ کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبے کے تمام ٹیچنگ ہسپتالوں سے بنیادی صحت کے مراکز تک عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات کو وزیراعلی خود مانیٹر کرتی ہیں۔

☆☆☆☆